LEGISLATIVE ASSEMBLY OF AZAD JAMMU & KASHMIR

# قانون ساز اسمبلی آزاد جموں و کشمیر

## سیکرٹریٹ

☆☆☆

## سہ بارہ ٹینڈر نوٹس

قانون ساز اسمبلی سیکرٹریٹ کے ملازمین درجہ چہارم کے لئے وردیوں کی خرید کے سلسلہ میں مقامی انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس رجسٹرڈ سپلائرز/فرمز سے سربمہر (Single stage,two envelop) پروسیجر کی بنیاد پر ٹینڈرز مطلوب ہیں۔ جو مورخہ 11 اپریل 2023ء بوقت 11:30 بجے دن تک جناب سیکرٹری اسمبلی کے دفتر میں موصول ہو جانے چاہئیں۔ مقررہ وقت کے بعد کوئی بھی ٹینڈر/کوٹیشن وصول نہیں کی جائے گی۔ ٹینڈرز (Technical Proposals) اسی روز بوقت 12:00 بجے دن کوٹیشن دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ جبکہ Technical Proposals کی Evaluation کے بعد کوالیفائی کرنے والے ٹینڈرز دہندگان کو اطلاع دی جائے گی اور ٹینڈر دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں Financial Proposals سات (7) دن کے بعد جناب سیکرٹری کے دفتر میں کھولی جائیں گی۔ وردیوں کی تفصیل بذیل ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1) | کپڑا شلوار قمیض معہ سلائی، سفید رنگ اعلیٰ کوالٹی (موسم سرما) | 134 جوڑے |
| 2) | وولن جرسی رنگ (بلیو) | 134 جوڑے |
| 3) | جوتے، سیاہ رنگ (BATA/Service or equivalent) | 134 جوڑے |
| 3) | جراب، سیاہ رنگ | 134 جوڑے |
| 4) | ٹوپی معہ مونوگرام | 134 عدد |

### شرائط :-

(1) سیلز ٹیکس/انکم ٹیکس ڈیپارٹمنٹ میں باقاعدہ رجسٹرڈ فرمز/سپلائرز کوٹیشن دینے کے اہل ہونگے اور کوٹیشن پر اپنا N.T.N اور G.S.T نمبر درج کرنا لازمی ہوگا۔

(2) سیکرٹریٹ ہذا میں مورخہ 11 اپریل 2023ء سے قبل دفتری اوقات کار کے دوران وردیوں کے نمونہ جات ملاحظہ کیئے جا سکتے ہیں۔

(3) ہر آئیٹم کے الگ نرخ معہ جنرل سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس، کشمیر لبریشن سیس اور تجوید القرآن ٹرسٹ فنڈز و جملہ رائج الوقت ٹیکسز بھی درج کرنا ہوں گے۔

(4) ٹینڈر کے ہمراہ وردیوں کے نمونہ جات جمع کروانا ضروری ہے۔ پیپرا رولز کے مطابق مجاز اتھارٹی کو آئیٹم میں کمی بیشی کا اختیار ہے۔ نیز کامیاب ٹینڈر دہندہ دیئے گئے نرخ کے مطابق مقررہ مدت کے دوران قیمتوں اور کوالٹی میں کمی و بیشی کے بغیر وردی مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔

(5) کوٹیشن کے ہمراہ مبلغ -/50,000 روپے کسی بھی شیڈول بینک کی کال ڈیپازٹ شامل کرنی ہوگی۔ بدوں کال ڈیپازٹ کوئی بھی کوٹیشن قابل قبول نہ ہوگی۔

(6) تمام اشیاء کے نرخ دینا ہونگے۔ چند مخصوص اشیاء کے نرخ کی حامل کوٹیشن، نامکمل اور مشروط ٹینڈر قابل قبول نہ ہونگے۔

(7) پیپرا رولز کے مطابق غیر معیاری اور نمونہ جات سے ہٹ کر وردیاں سپلائی کی صورت میں کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کرتے ہوئے سپلائی آرڈر بھی منسوخ کر دیا جائیگا۔ کوٹیشن دہندہ فرم مستحکم اور اس کا اپنا سٹور یا دوکان بھی ہونی چاہیے۔ نیز بلیک لسٹ فرمز Bidding میں شامل ہونے کی اہل نہ ہونگی۔

(8) سپلائی آرڈر جاری ہونے کے بعد متعلقہ فرم بل کے ساتھ GST Invoice فراہم کرے گی، جس سے سیلز ٹیکس رولز کے مطابق 20% جی ایس ٹی کی رقم With Held کرتے ہوئے فرم کو ادائیگی ہوگی، جس کے بعد جی ایس ٹی کی بقیہ 80% رقم (انوائس کے مطابق) کا ریٹرن چالان اسٹیٹ بینک آف پاکستان مظفرآباد میں اندر 15 ایام جمع کروانے کے بعد متعلقہ فرم دستاویزی ثبوت ادارہ کو بھی فراہم کرنے کی پابند ہوگی۔

(9) پیپرا رولز کی شق نمبر 36(b) کے تحت Single stage, two envelop پروسیجر کی بنیاد پر ایک package میں، ایک لفافے میں Technical proposal اور دوسرے لفافے میں Financial Proposal شامل ہونی چاہیں۔ نیز ہر Envelop پر Technical proposal اور Financial proposal کے الفاظ واضح طور پر درج ہونے چاہیے۔

(10) جناب سیکرٹری/مجاز اتھارٹی کو ایک یا جملہ کوٹیشنز پیپرا رولز کی شق نمبر 33(1) کے تحت منظور یا مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

(11) اشتہار AJK پیپرا کی ویب سائیٹ (www.ajkppra.gov.pk) پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

(12) اس حوالہ سے مزید تفصیلات اسمبلی سیکرٹریٹ کی ویب سائٹ (www.ajkassembly.gok.pk) پر ملاحظہ اور Download بھی کی جا سکتی ہیں۔

(13) درج بالا کسی بھی شرط پر پورا نہ اترنے کی صورت میں متعلقہ فرم کے خلاف پیپرا رولز کی شق نمبر (18,19) کے مطابق ادارہ کو کارروائی کرنے کا حق حاصل ہوگا۔

31/03/2023

اسسٹنٹ سیکرٹری (انتظامیہ)

فون نمبر: 05822-921919 Ext 127

Website: www.ajkassembly.gok.pk